تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

29-نومبر،2019ء

## پاکستان کے تمام اداروں کو آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے

### حافظ عاکف سعید

لاہور (پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ امیر تنظیم نے اِس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ 1973ء کے آئین کو بنے چھیالیس سال گزر چکے ہیں اور آرمی ریگولیشنز تو انگریز کے دور کے ہیں لیکن کسی نے کبھی اِس طرف توجہ نہیں کی کہ آرمی چیف جیسے انتہائی اہم عہدہ کی توسیع یا دوبارہ تعیناتی کے بارے میں کہیں کوئی قانونی طریق کار وضع نہیں ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس آصف سعید کھوسہ نے اِس کی نشاندہی کر کے اور اِس کے لیے قانون سازی کا حکم دے کر پاکستان کو بحرانی کیفیت سے نکال لیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ حکومت نے اِس مسئلہ کو جس طرح مِس ہینڈل کیا اور جس نا اہلی کا ثبوت دیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کو اُن نا اہل اور نالائق مشیروں سے نجات حاصل کرنا ہوگی جنھوں نے اُن کا محاصرہ کیا ہوا ہے۔ کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے امیر تنظیم نے کہا کہ بھارتی وزیر اعظم مودی اسرائیل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں ہندوؤں کی آبادکاری کرنا چاہتا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ نقل کے لیے بھی عقل درکار ہوتی ہے۔ مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے حالات میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ پھر یہ کہ ہندو بزدل ہے یہ اُس کے لیے خسارے کا سودا رہے گا۔ کشمیری اِس بھارتی قدم کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے اور کشمیر میں ہندو اپنے پاؤں نہیں جما سکیں گے۔ اُنھوں نے پاکستان کی موجودہ صورتِ حال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صرف الفاظ کی حد تک نہیں، حقیقی معنوں میں ایک مضبوط اسلامی پاکستان ہی بھارت سے اپنی شہ رگ کو آزاد کروا سکتا ہے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

[redacted]

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** **29 Nov** 2019

## "All institutions of Pakistan should operate within their constitutional boundaries."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement.Expressing his alarm the Ameer said that almost 46 years had passed since the ratification of the 1973 Constitution of Pakistan and the Army regulations have been in place since the British colonial era, yet no one had ever paid attention to the fact that no clear legal procedure was in place for the extension or re-appointment of the incumbent of a post as important as the Chief of Army Staff. The Ameer remarked that the Chief Justice of the Supreme Court of Pakistan, Justice Asif Saeed Khosa, had saved us from a situation of constitutional crisis by taking notice of this matter and directing the government of Pakistan to make appropriate legislation to deal with the issue. The Ameer criticized the bad precedence set by the government by mishandling the issue and showing gross incompetence on its part. He noted that the Prime Minister of Pakistan, Imran Khan, ought to rid himself of the incompetent and inept advisors that were surrounding him.

While expressing his views about recent developments in the Indian Occupied Kashmir (IOK), the Ameer said that it has become clear that the Prime Minister of India, Narendra Modi, wants to employ the 'Israeli Model' in IOK by forcing the illegal settlement of Hindus in the occupied territories. The Ameer stated that India was blindly following in the footsteps of Israel, yet totally oblivious to the fact that the ground realities and situation was totally different in IOK as compared to Occupied Palestine. The Ameer added that it was almost impossible for the illegal Hindu settlers to match the courage and bravery of the millions of Kashmiri Muslims in IOK. The brave Kashmiris would stand resolutely against this cowardly act of India and would never allow the Hindus to gain a foothold in IOK and change the demographics by forced settlement.While lamenting the current situation of Pakistan, the Ameer concluded by asserting that mere words were not sufficient and only a genuinely Islamic Pakistan would be able to free its jugular vein – Kashmir – from illegal Indian occupation.


Issued by

**Ayub Baig Mirza**

**MarkaziNazim of Press and Publications Section**

**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**